پریس ریلیز

گوجرانوالہ06مارچ 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ فیصل ایوب، سینئر نائب صدر حمیس گلزار مغل اور نائب صدر عادل ندیم نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ آئندہ مالی سال کے بجٹ کیلئے ملک بھر کے چیمبرز سے ملنے والی قابل عمل اور موثر تجاویز کو بجٹ میں دستاویز کا حصہ بنایا جائے۔تاجر طبقہ میں ٹیکسز کا مزید بوجھ برداشت کرنے کی سکت نہیں۔چیمبر سے جو بھی بجٹ پروپوزلز تیار کی جائیں گی ان میں تاجروں کو درپیش مشکلات اوران کے حل کیلئے تجاویز پیش کی جائیں گی تا کہ حکومت کوان تجاویز کی مدد سے کاروباری برادری کیلئے ریلیف دینے میں مدد مل سکے۔انہوں نے کہا کہ اس وقت پاکستان پر شدید معاشی دباؤ ہے بیرونی قرضوں میں بے انتہا اضافہ ہو چکا ہے موجودہ صورتحال کے پیش نظر تمام سیاسی جماعتیں میثاق معیشت کی طرف پیشرفت کریں جس میں پاکستان کوقرضوں کی دلدل سے نکالنے کے نکات بھی سامل ہونے چاہیئے اورآئندہ قرض کے حصول کیلئے بھی ایک ضابطہ اخلاق طے کیا جائے کہ کن ناگزیر حالات میں قرض حاصل کیا جاسکے گا۔